BRAMPTON Service and Information Update

برائے فوری اجراء

## اپ ڈیٹ 3: سٹی آف برامپٹن کرونا وائرس (کووِڈ-19) کے خلاف اضافی طبی اور حفاظتی اقدامات اٹھا رہا ہے – سٹی ہال اور سہولت گاہیں بند ہو گئیں، تقریبات اور پروگرام منسوخ ہو گئے

برامپٹن، آن (13 مارچ 2020) –پیل پبلک ہیلتھ کی جانب سے پیل کو محفوظ کرنے کے لیے کووِڈ-19 کے حوالے سے اضافی احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کے آج کے اعلان کے بعد، سٹی آف برامپٹن نے اپنی کمیونٹی کی صحت و بہبود کے تحفظ میں مدد دینے کے لیے خدمات اور پروگراموں میں بڑی تبدیلیاں کی ہیں۔

**سٹی کی جانب سے منعقد کی جانے والی تقریبات**

14 مارچ اور 5 اپریل کے درمیان سٹی کی جانب سے منعقد کی جانے والی تمام تقریبات کو منسوخ کر دیا گیا ہے۔ اس عرصے کے لیے سٹی کی سہولت گاہوں میں منعقد ہونے والی کمیونٹی کی تمام تقریبات بھی منسوخ ہو جائیں گی۔

**تفریحی پروگرام اور مارچ بریک کیمپس**

بروز پیر، 16 مارچ سے شروع کرتے ہوئے مارچ بریک کے تمام پروگرام منسوخ ہو جائیں گے۔ اس کے علاوہ 16 مارچ سے 5 اپریل تک تفریحی پروگرام بھی منسوخ ہو گئے ہیں۔ رقم مکمل واپس کر دی جائے گی۔ براہ کرم مزید معلومات کے لیے recconnects@brampton.ca پر رابطہ کریں۔

**سٹی کی سہولت گاہوں کی بندش**

کرونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے میں مدد دینے کے لیے سٹی کی تمام سہولت گاہیں، بشمول سٹی ہال، تفریحی اور کمیونٹی مراکز، مظاہرے والے فنون کے مقامات اور برامپٹن لائبریری کی شاخیں 16 مارچ سے 5 اپریل کے دن سمیت تک بند رہیں گی۔

**کونسل کی میٹنگز**

16 مارچ سے 5 اپریل سمیت تک سٹی کونسل، کمیٹی آف کونسل اور کمیٹی آف اڈجسٹمنٹ کی تمام میٹنگ منسوخ ہو گئی ہیں۔

**دی روز برامپٹن**

16 مارچ سے شروع کرتے ہوئے 5 اپریل 2020 تک، سٹی آف برامپٹن کے مظاہرے والے فنون کے مقامات، بشمول دی روز برامپٹن، میں طے شدہ تمام تقریبات منسوخ یا ملتوی ہو گئی ہیں۔ فنی مظاہروں والے فنون کے مقامات 5 اپریل 2020 تک عوام کے لیے بند رہیں گے۔

مزید معلومات کے لیے، براہ کرم دی روز برامپٹن کے باکس آفس کے ساتھ اس کے اوقات کار (پیر تا ہفتہ، صبح 10 تا شام 6) کے دوران 2800 874 905 ایکسٹینشن 62803 اور 62804 پر رابطہ کریں یا boxoffice@brampton.ca پر ای میل کریں۔

**بنیادی خدمات**

تمام بنیادی خدمات، بشمول فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز، برامپٹن ٹرانزٹ، ٹریفک کی خدمات، ضمنی قوانین کا نفاذ، سڑکوں پر کام، سیکورٹی کی خدمات، اینیمل سروسز اور POA کورٹس، اپنی کمیونٹی کی دیکھ بھال کے لیے معمول کے مطابق کام جاری رکھیں گی۔

اپنے ملازمین اور رہائشیوں کی صحت کی حفاظت کے لیے، سٹی نے بسوں، سہولت گاہوں اور ٹرمینلز کی سطحوں اور سیٹوں کی صفائی اور انہیں جراثیم سے پاک کرنے کی کثرت کو بڑھا دیا ہے۔

**_ایمرجنسی آپریشنز سنٹر – سٹی آف برامپٹن کا ایمرجنسی رسپانس پلان فعال ہو گیا ہے_**

سٹی آف برامپٹن پیل پبلک ہیلتھ کے مشوروں پر عمل کرنا جاری رکھے ہوئے ہے۔ جبکہ سٹی نے کرونا وائرس کے حوالے سے باضابطہ طور پر ہنگامی حالت کا ابھی تک اعلان نہیں کیا، برامپٹن کے ایمرجنسی مینیجمنٹ آفس نے سٹی آف برامپٹن ایمرجنسی رسپانس پلان کو درجہ 2 پر فعال کر دیا ہے۔ یہ فیصلہ اس سے بچاؤ اور روک تھام کے لیے مخصوص وسائل وقف کرنے کے حوالے سے زیادہ تیز ردعمل کو ممکن بناتا ہے۔

**کووِڈ-19 اسیسمنٹ سنٹر – پیل میموریل**

ولیم اوسلر ہیلتھ سسٹم نے ہماری کمیونٹی میں کووِڈ-19 کی ممکنہ علامات کا سامنا کرنے والے لوگوں کی جانچ اور معائنے کے لیے پیل میموریل سنٹر فار انٹیگریٹڈ ہیلتھ اینڈ ویلنیس میں ایک کووِڈ-19 اسیسمنٹ سنٹر کھولا ہے۔ اوسلر اسیسمنٹ سنٹر فورًا جا کر معائنہ کروانے والا کلینک نہیں ہے۔ اسیسمنٹ سنٹر کے اوقات کار پورا ہفتہ دن 2 سے رات 8 بجے تک ہیں۔ یہ سہولت گاہ پیل میموریل میں ایک الگ تھلگ جگہ پر واقع ہے اور اس سے دیگر مریضوں پر اثر نہیں پڑتا، جو وہاں ارجنٹ کیئر سنٹر یا آؤٹ پیشنٹ خدمات کے حصول کے لیے آئے ہوئے ہیں۔ اوسلر نگہداشت موصول کرنے کے لیے ایک محفوظ جگہ کے طور پر برقرار ہے۔

سٹی کی تقریبات اور پروگراموں میں شرکت کرنے کے لیے، لوگوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ پیل پبلک ہیلتھ کے سفارش کردہ حفظان صحت کے طریقوں پر عمل کریں:

- *اگر آپ کو اپنے اوپر نظر رکھنے یعنی سیلف مانیٹر کا کہا گیا ہے، تو براہ کرم اپنے ہیلتھ کیئر پرووائیڈر کی تجاویز پر عمل کریں۔*
- *اپنے ہاتھوں کو صابن کے ساتھ بکثرت دھوئیں یا الکحل پر مشتمل کوئی اچھا ہینڈ سینیٹائزر استعمال کریں۔*
- *جہاں تک ممکن ہو سکے اپنی آنکھوں، ناک اور منہ کو چھونے سے گریز کریں۔*
- *بیمار لوگوں یا ان کی چیزوں کو چھونے سے گریز کریں۔*
- *اپنی کھانسی یا چھینکوں کو ٹشو پیپر سے ڈھانپیں۔ اگر آپ کے پاس ٹشو پیپر موجود نہ ہو، تو اپنی کھانسی یا چھینک کے سامنے اپنا بازو یا کہنی رکھیں، مگر ہاتھ ہرگز نہ رکھیں۔ کھانسی اور چھینک کے بعد ہاتھوں کو دھوئیں۔*
- *اپنے جسم کے خودکار دفاعی نظام کو مضبوط کرنے کے لیے صحت مندانہ طرز زندگی اپنائیں، صحت بخش غذائیں کھائیں، ورزش کریں اور اپنی نیند پوری کریں۔*
- *فلو کی ویکسین لگوائیں۔ کرونا وائرس کی نسبت آپ کو فلو ہونے کا امکان زیادہ ہو سکتا ہے اور بیماری کی وجہ سے آپ کا دفاعی نظام کمزور ہو جاتا جو دوسرے جراثیموں کے ساتھ مقابلہ نہیں کر سکتا۔*
- *اگر آپ کو دوسرے لوگوں سے علیحٰدہ رہنا پڑے، تو براہ کرم اپنے ہیلتھ کیئر پرووائیڈر کی تجاویز پر عمل کریں۔*

سٹی آف برامپٹن کرونا وائرس کو بے حد سنجیدگی سے لے رہا ہے اور پیل پبلک ہیلتھ کے مشورے پر عمل کرنا جاری ہے۔ تازہ ترین معلومات www.peelregion.ca/coronavirus پر دستیاب ہیں۔

**میئر پیٹرک براؤن کی جانب سے پیغام**

"سٹی آف برامپٹن کرونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے خدمات اور سہولت گاہوں کو بند کر کے اور تقریبات اور پروگراموں کو ملتوی کر کے اضافی اقدامات کر رہا ہے۔ یہ اہم اقدامات برامپٹن کے رہائشیوں کے تحفظ اور صحت کا تحفظ کریں گے۔ ہم ان بندشوں کی وجہ سے رہائشیوں پر پڑنے والے اثرات کوبخوبی سمجھتے ہیں اور مسلسل اس بدلتی ہوئی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں اور اس کے خلاف اپنا ردعمل دے رہے ہیں۔ ہم رہائشیوں کو حفظان صحت کے سفارش کردہ طریقوں پر عمل کرنے کا مشورہ دیتے ہیں اور برامپٹن ٹرانزٹ کے غیرضروری استعمال سے گریز کرنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔"

**مزید معلومات:**

- سٹی آف برامپٹن کووڈ-19
- اپ ڈیٹ 2: : سٹی آف برامپٹن کرونا وائرس (کووڈ-19) کے خلاف صحت و حفاظت کے اضافی اقدامات اٹھا رہا ہے

- پیل پبلک ہیلتھ – ناول کرونا وائرس (کووڈ-19)
- سٹی آف برامپٹن – سروس انفارمیشن اپ ڈیٹ 1
- پیل میموریل سنٹر فار انٹیگریٹڈ ہیلتھ اینڈ ویلنس میں کووڈ-19 اسیسمنٹ سنٹر
- صوبہ اونٹاریو:منسٹری آف ہیلتھ – ناول کرونا وائرس (کووڈ-19)
- حکومتِ کینیڈا - کرونا وائرس (کووڈ-19) اپ ڈیٹ
- ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن – کرونا وائرس (کووڈ-19) اپ ڈیٹ

-30-

**میڈیا کنٹیکٹ**

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 |Monika.Duggal@brampton.ca